# راء کا بیان

ر پر زبر یا پیش ہو خواہ تنوین ہو یا مشدد ہو تو ایسی را ہمیشہ پر پڑھی جاتی ہے۔ اور اگر ر کے نیچے زیر ہو تو ر ہمیشہ باریک پڑھی جاتی ہے۔

| زبر کی مثالیں | | پیش کی مثالیں | | زیر کی مثالیں | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِرَبِّ النَّاسِ | لِرَبِّكَ | نَصْرُ اللهِ | سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ | الْقَارِعَةُ | وَنَمَارِقُ |
| بِرَبِّ الْفَلَقِ | تَفَرَّقَ | يَصْدُرُ النَّاسُ | وَنُيَسِّرُكَ | وَالْمُشْرِكِيْنَ | جَارِيَةٌ |
| مَا غَرَّكَ | أَرَءَيْتَ | خَيْرُ الْبَرِيَّةِ | يَفِرُّ الْمَرْءُ | وَاقْتَرِبْ | فِي الْبَرِّ |
| بِحَمْدِ رَبِّكَ | ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ | رُفِعَتْ | نَارٌ حَامِيَةٌ | تُكْرِمُوْنَ | كَافِرِيْنَ |
| وَرَأَيْتَ | بِحِجَارَةٍ | يَتَذَكَّرُ الْإِنْسَانُ | أَشَرٌّ أُرِيدَ | رِزْقَهُ | عُسْرٍ يُّسْرًا |

ر ساکن ہو تو اس سے پہلے والے حرف کو دیکھتے ہیں اگر اس پر زبر یا پیش ہو تو ر پر پڑھی جائے گی اور اگر زیر ہو تو ر باریک پڑھی جائے گی۔

| زبر کی مثالیں | | پیش کی مثالیں | | زیر کی مثالیں | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَانْحَرْ | فَلَا تَنْهَرْ | زُرْتُمُ | سَأُرْهِقُهُ | وَاسْتَغْفِرْهُ | فَكَبِّرْ |
| تَرْمِيْهِمْ | فَلَا تَقْهَرْ | هُوَ قُرْاٰنٌ | فَاهْجُرْ | فِرْعَوْنَ | رَبِّ اغْفِرْلِي |
| وَأَرْسَلَ | فَتَرْضَىٰ | وَمَا أُرْسِلُوا | وَاهْجُرْهُمْ | فَبَشِّرْهُمْ | يَغْفِرْلَكُمْ |
| فَأَثَرْنَ | يَرْضَىٰ | مُرْسٰهَا | يُرْسِلِ السَّمَاءَ | فَذَكِّرْ | يُؤَخِّرْكُمْ |
| فَارْغَبْ | وَالْأَرْضِ | وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا | | فَطَهِّرْ | يُكَفِّرْ |

| سوالات | منتخب کریں | | سوالات | منتخب کریں | |
|---|---|---|---|---|---|
| راء پر زبر ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک | راء ساکن سے پہلے زبر ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک |
| راء پر زیر ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک | راء ساکن سے پہلے زیر ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک |
| راء پر تشدید اور زبر ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک | راء ساکن سے پہلے پیش ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک |
| راء پر تشدید اور زیر ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک | راء پر دو پیش ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک |
| راء پر دو زبر ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک | راء پر دو زیر ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک |

وہ راء جس پر وقف کیا جائے اگر وہ ساکن ہے تو ٹھیک ورنہ وقف کی وجہ سے وہ بھی ساکن ہی پڑھی جاتی ہے اس لئے یہاں بھی نمبر دو والا قاعدہ چلے گا راء سے پہلے والے حرف کو دیکھیں گے اگر زبر یا پیش ہے تو پر زیر ہے تو باریک پڑھتے ہیں اور اگر اس راء سے پہلے والا حرف ساکن ہو تو اس ساکن سے پہلے والے حرف کو دیکھیں اگر اس پر زبر یا پیش ہو تو پر اور زیر ہو تو باریک پڑھتے ہیں۔

| رواں | وقف کی حالت | رواں | وقف کی حالت | رواں | وقف کی حالت |
|---|---|---|---|---|---|
| لَيْلَةُ الْقَدْرِ | لَيْلَةُ الْقَدْرْ | مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا | مَعَ الْعُسْرْ | لِلذِّكْرِ | لِلذِّكْرْ |
| فَلَهُمْ أَجْرٌ | فَلَهُمْ أَجْرْ | بَعْدَ عُسْرٍ | بَعْدَ عُسْرْ | هٰذَا ذِكْرٌ | هٰذَا ذِكْرْ |
| فِي الْبَحْرِ | فِي الْبَحْرْ | مَسْجُوْرٍ | مَسْجُوْرْ | عَنِ الذِّكْرِ | عَنِ الذِّكْرْ |
| يُوفُونَ بِالنَّذْرِ | يُوفُونَ بِالنَّذْرْ | لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ | لِعِبَادِهِ الْكُفْرْ | أَصْحٰبُ الْحِجْرِ | أَصْحٰبُ الْحِجْرْ |
| مِّنَ الدَّهْرِ | مِّنَ الدَّهْرْ | بِالْكُفْرِ | بِالْكُفْرْ | اِشْتَرَوُا الْكُفْرَ | اِشْتَرَوُا الْكُفْرْ |

نوٹ: اگر ر ساکن سے پہلے والا حرف ی ساکن ہے تو ایسی راء وقف کرتے وقت باریک ہی پڑھی جاتی ہے چاہے اس ی کے بعد زبر یا پیش ہی کیوں نہ ہو۔ مشق کریں قرآنی الفاظ ساتھ۔

| رواں | وقف کی حالت | رواں | وقف کی حالت | رواں | وقف کی حالت |
|---|---|---|---|---|---|
| كَبِيْرٌ | كَبِيْرْ | قَدِيْرٌ | قَدِيْرْ | وَكَثِيْرٌ | وَكَثِيْرْ |
| يَسِيْرٌ | يَسِيْرْ | بَصِيْرٌ | بَصِيْرْ | إِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ | إِلَى اللّٰهِ تَصِيْرْ |
| فَقِيْرٌ | فَقِيْرْ | خَبِيْرٌ | خَبِيْرْ | نَذِيْرٌ | نَذِيْرْ |
| مُّنِيْرٍ | مُّنِيْرْ | وَكُلٌّ صَغِيْرٍ | وَكُلٌّ صَغِيْرْ | حَسِيْرٌ | حَسِيْرْ |
| فِي السَّعِيْرِ | فِي السَّعِيْرْ | نَصِيْرٍ | نَصِيْرْ | وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ | وَبِئْسَ الْمَصِيْرْ |

| سوالات | منتخب کریں | | سوالات | منتخب کریں | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَسْجُوْرْ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | راء ساکن، پھر ساکن پھر زبر ہو تو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |
| مُّنِيْرْ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | راء ساکن، پھر ساکن پھر پیش ہو تو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |
| عَنِ الذِّكْرْ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | راء ساکن سے پہلے ی ساکن ہو تو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |

قرآن پاک میں کچھ الفاظ ایسے ہیں جن میں راء ساکن سے پہلے زیر والا حرف ہے مگر پھر بھی ان الفاظ کی راء پر پڑھی جاتی ہے۔وہ تمام الفاظ نیچے نقشہ میں لکھ دیئے گئے ہیں۔ ان الفاظ کو اچھی طرح یاد کرلو۔ اور یہ بھی ذہن میں بٹھالو کہ کونسا حرف کونسے پارے اور کس رکوع میں ہے تاکہ قرآن پاک کی تلاوت کرتے وقت راء کو پر پڑھنے میں آپ غلطی نہ کریں اور راء ساکن سے پہلے زیر ہونے کی وجہ سے باریک نہ پڑھیں۔ان الفاظ کی تعداد ۲۰/ ہے۔

| شمار | قرآنی الفاظ | پارے | رکوع | سورة | آیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مِرْصَادًا | 30 | 1 | النباء | 21 |
| 2 | لَبِالْمِرْصَادِ | 30 | 14 | الفجر | 14 |
| 3 | قِرْطَاسٍ | 7 | 7 | الانعام | 7 |
| 4 | اِرْصَادًا | 11 | 2 | التوبة | 107 |
| 5 | فِرْقَةٍ | 11 | 4 | التوبة | 122 |
| 6 | رَّبِّ ارْحَمْهُمَا | 15 | 3 | الاسراء | 24 |
| 7 | لِمَنِ ارْتَضٰی | 17 | 2 | الانبیاء | 28 |
| 8 | رَبِّ ارْجِعُوْنِ | 18 | 6 | المومنون | 99 |
| 9 | اَمِ ارْتَابُوْا | 18 | 12 | النور | 50 |
| 10 | الَّذِی ارْتَضٰی | 18 | 13 | النور | 55 |
| 11 | مَنِ ارْتَضٰی | 29 | 12 | الجن | 27 |
| 12 | اِرْجِعِیْ | 30 | 14 | الفجر | 28 |
| 13 | اِرْكَبُوْا | 12 | 4 | هود | 41 |
| 14 | اِرْكَبْ | 12 | 4 | هود | 42 |
| 15 | اِرْتَدُّوْا | 26 | 7 | محمد | 25 |

AzanGuru

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | اِرۡكَعِي | 3 | 13 | آل عمران | 43 |
| 17 | اِنِ ارۡتَبۡتُمۡ | 7 | 4 | **المائدہ** | 106 |
| 18 | اِرۡجِعۡ | 29 | 1 | الملك | 4 |
| 19 | اِرۡكَعُوۡا | 29 | 22 | المرسلات | 48 |
| 20 | اِرۡجِعُوۡا | 13 | 4 | **یوسف** | 81 |

**نوٹ:۔** ان ۲۰/الفاظ میں اِنِ ارۡتَبۡتُمۡ قرآن پاک میں دوبار آیا ہے۔سورۃ المائدۃ آیت ۱۰۶،اور سورۃ الطلاق آیت ۴/اِرۡجِعۡ بھی دوبار آیا ہے۔سورۃ الملك آیت ۴/اور سورۃ النمل آیت ۳۷۔اِرۡكَعُوۡا تین بار آیا ہے۔سورۃ بقرۃ آیت ۴۳/سورۃ الحج آیت ۷۷ اور سورۃ المرسلات آیت ۴۸۔اسی طرح اِرۡجِعُوۡا چار بار آیا ہے۔سورۃ یوسف آیت ۸۱/سورۃ الانبیاء آیت ۱۳/سورۃ النور آیت ۲۸/سورۃ الحدید آیت ۱۳ میں ہیں۔

| سوالات | منتخب کریں | | سوالات | منتخب کریں | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِرۡجِعۡ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | رُبَمَا کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |
| اِرۡصَادًا کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | يُرۡسَلُ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |
| كَبِيۡرٌ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | خَيۡرٌ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |
| مُرۡسٰهَا کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | فِرۡعَوۡنَ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |
| مَنِ ارۡتَضٰى کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | رَبَّنَا کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |
| نَذِيۡرٌ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | رِزۡقُهٗ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |
| مَا غَرَّكَ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | أَخۡبَارَهَا کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |
| تَفَرَّقَ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | كَفَرُوۡا کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |
| تَرۡمِيۡهِمۡ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | تَفَرَّقَ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |
| نَارُ اللّٰهِ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | خَبِيۡرٌ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |
| قِرۡطَاسٍ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک | اِرۡكَبۡ کی راء کو کیسے پڑھیں گے؟ | پر | باریک |

AzanGuru

## راء کے بیان کا خلاصہ

ربارہ حالتوں میں پر پڑھی جاتی ہے اور سات حالتوں میں باریک پڑھی جاتی ہے اور دو حالت مختلف فیہ ہیں۔ اوپر ہم تمام حالتوں کو آسان انداز میں سمجھ چکے ہیں۔

| راء کی پر پڑھی جانے کی بارہ حالتیں یہ ہیں۔ | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | راء پر زبر ہو | نَصَرَكُمۡ | 2 | راء مشدد پر زبر ہو | اَلرَّحۡمٰنُ |
| 3 | راء پر پیش ہو | رُبَمَا | 4 | راء مشدد پر پیش ہو | مَرُّوا |
| 5 | راء ساکن سے پہلے زبر ہو | مَرۡجَانٌ | 6 | راء ساکن سے پہلے پیش ہو | بُرۡهَانٌ |
| 7 | راء ساکن سے پہلے زیر عارضی ہو | اِرۡتَبۡتُمۡ | 8 | راء ساکن سے پہلے زیر دوسرے لفظ میں ہو | اَمِ ارۡتَابُوۡا |
| 9 | راء ساکن سے پہلے زیر اور اس راء کے بعد اسی کلمہ میں حرف مستعلیہ ہو۔ | قِرۡطَاسٍ | 10 | راء ساکن سے پہلے ساکن اس ساکن حرف کے بعد زبر ہو۔ | وَالۡفَجۡرۡ |
| 11 | راء ساکن سے پہلے ساکن اس ساکن حرف کے بعد پیش ہو | اَلۡعُسۡرُ | 12 | پیش والی راء پر جب وقف روم کیا جائے۔ | قَدِيۡرٌ |
| سات حالتوں میں راء باریک پڑھی جاتی ہے | | | | | |
| 1 | راء کے نیچے زیر ہو۔ | رِجَالٌ | 2 | راء مشدد کے پر زیر ہو۔ | اَلرِّجَالُ |
| 3 | راء ساکن سے پہلے زیر اصلی ہو اور اس راء کے اسی لفظ میں کوئی حرف مستعلیہ بھی نہ ہو۔ | | | | فِرۡعَوۡنَ |
| 4 | راء ساکن سے پہلے ساکن اس ساکن حرف کے بعد زیر ہو۔ | | | | اَلسِّحۡرۡ |
| 5 | راء ساکن سے پہلے ی ساکن ہو۔ | اَلۡخَبِيۡرۡ | 6 | وہ راء جس پر امالہ کیا جائے۔ | مَجۡرٖىهَا |
| 7 | زیر والی راء پر جب وقف روم کیا جائے۔ | وَالۡفَجۡرِ | | | |

| سوالات | منتخب کریں | | سوالات | منتخب کریں | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَجۡرٖىهَا کی راء کو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک | راء ساکن سے پہلے زیر عارضی ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک |
| راء پر کھڑا زبر ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک | زیر والی راء پر جب وقف روم کیا جائے تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک |
| کیا آپ نے ۲۰/ الفاظ کی مشق کی ؟ | ہاں | نہیں | راء ساکن سے پہلے ی ساکن ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک |
| فَارۡغَبۡ کی راء کو کیسے پڑھیں گے ؟ | ہاں | نہیں | راء ساکن سے پہلے زیر دوسرے لفظ میں ہو تو کیسے پڑھیں گے ؟ | پر | باریک |

وہ الفاظ جن میں راء کو پر اور باریک دونوں طرح پڑھنا ٹھیک ہے وہ تمام الفاظ نیچے لکھے جارہے ہیں ان کی اچھے سے مشق کرلیں۔ ان الفاظ کی تعداد آٹھ ہے پہلے سات الفاظ کی راء کو حالت وقف میں پر اور باریک پڑھا جاسکتا ہے حالت رواں میں راء کے قواعد کے حساب سے پڑھیں گے۔ جبکہ آٹھواں لفظ حالت رواں اور حالت وقف میں پر اور باریک دونوں طرح پڑھا جاسکتا ہے۔

| شمار | رواں الفاظ | حالت وقف | سورت |
|---|---|---|---|
| 1 | فَأَسْرِ | فَأَسْرْ | سورۃ ھود اور سورۃ دخان میں |
| 2 | مِصْرَ | مِصْرْ | تین جگہ سورۃ یوسف میں دو جگہ سورۃ یونس میں ایک جگہ سورۃ الزخرف میں۔ |
| 3 | اَنْ اَسْرِ | اَنْ اَسْرْ | سورۃ طٰہٰ میں اور سورۃ شعراء میں۔ |
| 4 | نُذُرِ | نُذُرْ | سورۃ قمر میں چھ جگہ ہے۔ |
| 5 | اِذَا يَسْرِ | اِذَا يَسْرْ | سورۃ فجر میں ایک جگہ ہے۔ |
| 6 | اَلْجَوَارِ | اَلْجَوَارْ | سورۃ التکویر آیت ١٦۔ |
| 7 | عَيْنَ الْقِطْرِ | عَيْنَ الْقِطْرْ | سورۃ سباء آیت ١٢۔ |
| 8 | كُلُّ فِرْقٍ | كُلُّ فِرْقْ | سورۃ شعراء آیت ٦٣۔ |

AzanGuru